یورپ میں طلباء کی اسلامی انجمنوں کی یونین کی نشست کے نام پیغام - 11 /Mar/ 2022

رہبر انقلاب اسلامی نے یورپ میں طلباء کی اسلامی انجمنوں کی یونین کی نشست کے نام اپنے پیغام میں دھڑے بندیوں کی شناخت، صحیح موقف اختیار کرنے اور حق کے محاذ کے حق میں کردار ادا کرنے کی تیاری کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ آیۃ اللہ العظمی سید علی خامنہ ای نے یورپ میں طلباء کی اسلامی انجمنوں کی یونین کی چھپنویں نشست کے نام اپنے پیغام میں حالیہ سیاسی و عسکری حالات کی طرف اشارہ کرتے ہوئے، دھڑے بندیوں کی شناخت، صحیح موقف اختیار کرنے اور حق کے محاذ کے حق میں کردار ادا کرنے کی تیاری کی ضرورت پر تاکید کی ہے۔ رہبر انقلاب اسلامی کے پیغام کا متن حسب ذیل ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

پیارے طلباء ان دنوں سیاسی و عسکری واقعات، دنیا کے اسی تاریخی موڑ کا ایک حصے کو تشکیل دے رہے ہیں، جس کی توقع کی جا رہی تھی۔ اس مرحلے میں ہماری عظیم قوم کے انٹلیکچولز پر خاص ذمہ داریاں ہیں۔ دھڑے بندیوں اور صف آرائیوں کی شناخت، صحیح موقف کا انتخاب، قلیل مدتی ذمہ داری اور حق کے محاذ کے حق میں کردار ادا کرنے کی تیاری، اس کی وسط مدتی ذمہ داری ہے۔ آپ عزیز نوجوان ان دونوں حصوں میں نمایاں کردار ادا کر سکتے ہیں اور اسلام کے مبارک نام سے مزین انجمنوں سے وابستہ امیدوں کو ثمربار کر سکتے ہیں۔ میں خداوند قدیر و حکیم سے آپ کے لیے روز افزوں توفیقات کی دعا کرتا ہوں۔

سید علی خامنہ ای

12 مارچ 2022